Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 16 | ہفتہ، 5 جولائی 2025ء، 9 محرم الحرام 1447ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 105

مریم نواز ڈی ایچ کیو ہسپتال پاکپتن پہنچ گئیں، شکایات کے انبار لگ گئے

ای او ہیلتھ پاکپتن، ایم ایس کیخلاف مجرمانہ غفلت پر مقدمہ درج، گرفتار کرنے کی ہدایت، سابھوال سے نئے ایم ایس ڈی ایچ کیو ہسپتال پاکپتن تعینات، ڈی سی کو محرم الحرام کے بعد چارج چھوڑنے کی ہدایت

ہسپتال کے ایکو پمنٹ آڈٹ کا حکم، سٹور میں ادویات موجود ہونے کے باوجود مریضوں کو میڈیسن نہ ملنے پر سخت سرزنش، ان ڈیوٹی ڈاکٹروں، پیرا میڈیکل سٹاف کے موبائل استعمال پر پابندی

ڈمداروں کو احساس دلانے کیلئے سخت فیصلے ضروری ہیں، تمام انکوائریز کے فیصلے ایک ہفتے کے اندر کیے جائیں، مجرمانہ غفلت پر اللہ تعالیٰ کو کیا جواب دینا ہوگا، مجھ سے بچ سکتے ہیں اللہ کی پکڑ سے کیسے بچیں گے؟ وزیر اعلیٰ کی گفتگو

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ہیڈ کوارٹر ہسپتال پاکپتن کے ایمرجنسی وارڈ کا معائنہ کررہی ہیں

46 ہزار سے زائد اساتذہ سرپلس ہونے کا انکشاف

23 جولائی تک رشنلائزیشن کے تحت اساتذہ کی کمی والے سکولوں میں تعینات کیا جائے

اساتذہ کے سرپلس ہونے کی وجہ سے صوبے کو سالانہ اربوں روپے کا نقصان ہو رہا ہے

لاہور (این این آئی) پنجاب کے سکولوں میں 46 ہزار سے زائد اساتذہ سرپلس ہونے کے انکشاف پر نوٹس لیتے ہوئے وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے خصوصی بریفنگ لی اور فوری طور پر رشنلائزیشن کی ہدایت کر دی۔ بریفنگ میں وزیر تعلیم کو بتایا گیا کہ (بقیہ نمبر 4)

پاکستان کثیر جہتی تعاون سے متعلق اجلاس کی میزبانی کریگا

23 جولائی کو فلسطین کے مسئلے پر سلامتی کونسل کا اجلاس بلایا جائے گا، ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے کہا ہے کہ پاکستان 22 جولائی کو کثیر جہتی تعاون سے متعلق اعلیٰ سطحی اجلاس کی میزبانی کرے گا، 23 جولائی کو فلسطین کے مسئلے پر سلامتی کونسل کا اجلاس بلایا جائے (بقیہ نمبر 7)

تربیلا ڈیم میں پانی کی سطح بلند، سپل ویز کھولنے کا فیصلہ

حکام کی جانب سے سپل ویز کے راستوں میں رہنے والے شہریوں کو محتاط رہنے کی ہدایت کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے بالائی علاقوں میں طوفانی مولسلا دھار بارشوں کے باعث تربیلا ڈیم میں پانی کی سطح بلند ہوگئی، جس پر حکام نے ڈیم کے سپل ویز کھولنے کا فیصلہ کر لیا۔ حکام کی جانب سے سپل ویز (بقیہ نمبر 6)

کراچی میں عمارت گرنے کے واقعے پر اظہار افسوس

میں غمزدہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کا شریک ہوں، یہ دلخراش سانحہ ہے، چیئرمین قومی اسمبلی سردار ایاز صادق

اسلام آباد (احوال سیریز) چیئرمین قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انسانی جانوں کے ضیاع پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے جاں (بقیہ نمبر 5)

چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا کا ممبر انجینئرنگ، ممبر انوائرمنٹ اور متعلقہ افسران کے ہمراہ سی ڈی اے نرسری کا دورہ

سی ڈی اے ماڈل نرسری کو "کارڈ بینیاب" میں تبدیل کرنے کیلئے کام جاری

نرسری میں منفرد اور جدید طرز کے کنٹرولڈ ویٹیلیٹڈ گرین ہاؤسز تعمیر کئے جا رہے ہیں جو پودوں کی نشوونما کیلئے مثالی ماحول فراہم کریں گے

نئے کلچر سینٹرز بھی قائم کیا جائے گا جہاں پودوں کی نئی اقسام کو پروپیگیشن کے جدید طریقوں سے تیار کیا جائے گا، چیئرمین سی ڈی اے

سی ڈی اے ماڈل نرسری مستقبل میں اسلام آباد کے شہریوں کی باغ کلچر ضروریات کو پوری کرنے میں معاون ثابت ہوگی

سی ڈی اے اسلام آباد کو ایک جدید، خوبصورت اور ماحول دوست مثالی شہر بنانے کیلئے اپنی تمام تر کاوشیں جاری رکھے گا

اسلام آباد (ثمائندہ عوامی للکار) چیئرمین سی ڈی اے، چیف کمشنر اسلام آباد اور ڈی جی سول ڈیفنس محمد علی رندھاوا کا ممبر انجینئرنگ، ممبر انوائرمنٹ اور متعلقہ افسران کے ہمراہ پارک روڈ پر قائم ڈی اے نرسری کا دورہ کیا۔ جہاں پر ان کو ڈی اے نرسری کی اپ گریڈیشن، بحالی اور اے "کارڈ بینیاب" میں تبدیل کرنے کے منصوبے کے تحت ہونے والے اب تک کے تعمیراتی کاموں کے (بقیہ نمبر 1)

اسلام آباد، چیئرمین سی ڈی اے، چیف کمشنر اسلام آباد اور ڈی جی سول ڈیفنس محمد علی رندھاوا کے ممبر انجینئرنگ، ممبر انوائرمنٹ اور متعلقہ افسران کے ہمراہ پارک روڈ پر قائم سی ڈی اے نرسری کا دورہ کر رہے ہیں

پاکستان اور ایران کے خلاف بھارتی و اسرائیلی جارحیت کی شدید مذمت

وزیر اعظم کا علاقائی اتحاد کا مطالبہ

ترقی کے عمل میں اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے رکن ممالک کے ساتھ اجتماعی کاوشوں میں شرکت پر فخر ہے، علاقائی تعاون اور مشترکہ خوشحالی کیلئے ٹیکنالوجی کی ترقی ناگزیر ہے

بڑھتے ہوئے باہمی انحصار اور علم کی وسعت کا پاؤ دور شروع ہو رہا ہے، ای سی او کے رکن ممالک کو موسمیاتی تبدیلیوں کے گہرے اثرات کا سامنا ہے، پچھلے گلیشیئرز، شدید گرمی، تباہ کن سیلاب سمیت دیگر چیلنجز درپیش ہیں

پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے انتہائی متاثرہ 10 ممالک میں شامل ہے، موسمیاتی تبدیلیوں سے نمٹنے کیلئے پاکستان نے پالیسی وضع کی ہے، شہباز شریف کا ای سی او کانفرنس سے خطاب

خاتکہ ہی (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے علاقائی اتحاد کا مطالبہ اور پاکستان اور ایران کے خلاف بھارتی و اسرائیلی جارحیت کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ترقی کے عمل میں اقتصادی تعاون تنظیم (ای سی او) کے رکن ممالک کے ساتھ اجتماعی (بقیہ نمبر 2)

23 اضلاع میں موبائل وائرلیس سروس جزوی بند کرنے کا فیصلہ

اضلاع میں متعین کردہ مختلف اوقات میں موبائل وائرلیس سروس بند رہے گی

لاہور (این این آئی) وزارت داخلہ کی جانب سے ملک کے مختلف اضلاع میں 23 حساس علاقوں میں موبائل سروس جزوی بند کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزارت داخلہ نے صوبوں کی درخواست پر موبائل سروس بند (بقیہ نمبر 3)

پی آئی اے کو 13 سال پرانے مقدمے میں بڑی کامیابی

3 ارب 9 کروڑ موصول، فیصلے اور اس پر عملدرآمد میں 28 سال کا وقت لگا، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) پی آئی اے کو 13 سال پرانے مقدمے میں بڑی قانونی کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ مقدمے کے فیصلے کے تحت پی آئی اے کو مالی (بقیہ نمبر 4)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال پاکپتن کے سٹور میں موجود ادویات کے سٹاک کا ریکارڈ چیک کر رہی ہیں

دراندازی کی کوشش کرنیوالے 30 بھارتی سپانسرڈ خوارج ہلاک

افغان حکومت اپنی سرزمین پاکستان کیخلاف استعمال ہونے سے روکنے کے مؤثر اقدامات کرے

سکیورٹی فورسز سرحدوں کے دفاع اور بھارتی اسپانسرڈ دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے پرعزم ہیں، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے پاک افغان بارڈر کے ذریعے دراندازی کی کوشش کرنے والے 30 بھارتی اسپانسرڈ خوارج کو ہلاک کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یکم اور 2 جولائی کی درمیانی رات بھارتی اسپانسرڈ خوارج کی مکمل حرکت کا پتا چلا جس کے بعد فورسز نے مؤثر کارروائی کی۔ آئی ایس پی آر نے بتایا کہ سکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان کے علاقے کیس ٹیلی میں (بقیہ نمبر 2)

مولانا فضل الرحمٰن سے مولانا محمد اجمل قادری کی ملاقات

سیاسی صورتحال پر بات چیت، بحکومتی معاشی پالیسیوں پر عدم اطمینان کا اظہار

لاہور (این این آئی) جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن سے مرکزی جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی صدر مولانا محمد اجمل قادری نے (بقیہ نمبر 3)

9 اور 10 محرم کو پنجاب بھر میں طوفانی بارشوں کے امکانات

لاہور (این این آئی) 9 اور 10 محرم کو پنجاب بھر میں طوفانی بارشوں کے امکانات ہیں۔ پنجاب کے مختلف اضلاع میں 5 جولائی سے شدید بارشوں کے امکانات ہیں۔ ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے مرزا علی کاظمیا کا کہنا تھا کہ محرم کے جلوسوں کی انتظامیہ موسمی شدت کو مدنظر رکھتے ہوئے حفاظتی تدابیر اختیار (بقیہ نمبر 2)

لاہور، کسن بیچ سوئمنگ پول میں ڈوب کر جاں بحق

لاہور (این این آئی) کنٹونمنٹ کالونی کے علاقے میں 4 سالہ حائیہ اپنے ماں کے گھر پر بنے چھوٹے سوئمنگ پول میں ڈوب کر جاں بحق ہوگئی۔ ہونے پر ریسکیو 1122 کو بلایا گیا۔ ریسکیو کے مطابق بچی کو طبی امداد کے لئے جنرل ہسپتال منتقل کیا گیا مگر جانبر نہ ہوسکی،، پولیس حکام کا کہنا ہے کہ پولیس نے بچی کی لاش تحویل میں لے کر تحقیقات شروع کر دیں۔

اپوزیشن کا اسپیکر پنجاب اسمبلی کیخلاف عدالت سے رجوع کرنے کا فیصلہ

آئندہ ہفتے ریفرنس، اسپیکر کی رولنگ کے خلاف پٹیشن دائر کی جائے گی، ذرائع اپوزیشن

لاہور (این این آئی) اسمبلی ذرائع کے مطابق اپوزیشن لیڈر کے مطابق پنجاب اسمبلی کے اسپیکر کیخلاف عدالت سے رجوع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق آئندہ ہفتے ریفرنس دائر کیا جائے گا، ذرائع اپوزیشن لیڈر کے مطابق پٹیشن دائر کی جائے گی۔ اپوزیشن لیڈر کے مطابق پنجاب اسمبلی کے 26 ارکان کے خلاف (بقیہ نمبر 2)

بھارت نے پانی روکا تو جنگ کے مترادف ہوگا، وزیر اعظم

پاک فوج نے مثالی جرات، پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ اشتعال انگیزی کا جواب دیا

بھارتی اقدامات کا مقصد علاقائی امن کو نقصان پہنچانا تھا، وزیر اعظم شہباز شریف

اقتصادی تعاون تنظیم کے 17 ویں سربراہی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ پانی کروڑوں (بقیہ نمبر 5)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال پاکپتن کے سٹور میں موجود ادویات کے سٹاک کا ریکارڈ چیک کر رہی ہیں

بچوں اور خاتون پر حملہ کرنے والے شیر کو سفاری پارک منتقل کرنے کا حکم

بچوں اور خاتون پر حملہ آور ہونے والے شیر کو سفاری پارک منتقل کرنے کا حکم دے دیا۔ ماڈل ٹاؤن کچہری میں جوڈیشل مجسٹریٹ حسن سرفراز نقوی نے تحریری حکم جاری کیا، جنگل الاٹ کنٹ نے حملہ آور شیر کو قبضے (بقیہ نمبر 9)

ملک میں چینی کی قیمت میں مزید 2 روپے 32 پیسے فی کلو اضافہ

196 روپے فی کلو اور 184 روپے 92 پیسے فی کلو ہوگئی۔ وفاقی ادارہ شماریات نے چینی کی قیمتوں کے نئے اعداد و شمار جاری کر دیے، اعداد و شمار کے مطابق ایک ہفتے میں چینی کی اوسط قیمت میں 2 روپے (بقیہ نمبر 10)

مون سون بارشوں کے پیش نظر الرٹ رہنے کی ہدایات

عاشورہ کے موقع پر مون سون بارشوں کی پیشگوئی ہے، ریفلیف کمشنر پنجاب نبیل جاوید

لاہور (این این آئی) ریفلیف کمشنر پنجاب نبیل جاوید کا کہنا تھا کہ ڈی ایم اے ہاٹ لائن، ریسکیو سمیت تمام متعلقہ ادارے الرٹ رہیں۔ عاشورہ کے موقع پر پنجاب میں مون سون بارشوں کی پیشگوئی ہے (بقیہ نمبر 6)

مریم نواز راشن کارڈ کی بدولت ہر محنت کش مستفید ہوگا، ملک فیصل ایوب کھوکھر

12 لاکھ مستحق خاندانوں کو راشن کارڈ کے ذریعے ماہانہ 3 ہزار روپے کی سبسڈی فراہم کی جائے گی

پنجاب میں کم از کم اجرت 40 ہزار روپے مقرر، عملدرآمد کو یقینی بنایا جا رہا ہے، صوبائی وزیر برائے لیبر و افرادی قوت ملک فیصل ایوب کھوکھر کا کہنا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں محنت کشوں کے لیے کیا گیا وعدہ پورا ہو چکا ہے، پنجاب بھر میں محنت کش خاندانوں کے لیے ایک انقلابی ریفارم پیکج کا آغاز کر دیا گیا ہے جس کے تحت 12 لاکھ مستحق خاندانوں کو راشن کارڈ کے ذریعے ماہانہ 3 ہزار روپے کی سبسڈی فراہم کی جائے گی۔ انہوں (بقیہ نمبر 5)

لاہور میں غیر قانونی طور پر شیر رکھنے کا انکشاف

وائلڈ لائف کی بروقت کارروائی، ایک شخص گرفتار، شیر بازیاب

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے شادمان اور عوثر کارروائی کے نتیجے میں بلا لائسنس شیر رکھنے والے شخص کو گرفتار کر لیا گیا، چیئرمین گروندہ واقعہ ظاہر ہو گیا کہ جنگل وائلڈ لائف کی بروقت حالت میں تحویل میں (بقیہ نمبر 7)

پنجاب مریم نواز شریف ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال پاکپتن کی انتظار گاہ میں موجود مریضوں کا تشخیص کے لئے دوائیں رکھنے والی ادویات کا ریکارڈ چیک کر رہی ہیں

اوکاڑہ، خاتون کی تشدد زدہ نعش کا ڈراپ سین

آشنا نے محبوبہ کو چھری زیادتی کے بعد قتل کر کے نعش کھیتوں میں پھینکی

اوکاڑہ (این این آئی) کنٹونمنٹ زون میں تشدد زدہ نعش کا ڈراپ سین، آشنا نے محبوبہ کو چھری زیادتی تشدد کرنے کے بعد قتل کر کے نعش کھیتوں میں پھینک دی تھی۔ پولیس ترجمان کے (بقیہ نمبر 7)

کوثر خان چیف ایگزیکٹو آفیسر پنجاب روڈ ٹرانسپورٹ کمپنی تعینات

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے چیف سیکرٹری گورنر سیکرٹریٹ کوثر خان کو تبدیل کر کے چیف ایگزیکٹو آفیسر پنجاب روڈ ٹرانسپورٹ کمپنی تعینات کر دیا۔ رجسٹرار پنجاب کوآپریٹو سوسائٹیز سیتاب دھیر اطہر سے چیف ایگزیکٹو ٹرانسپورٹ کمپنی کا اضافی چارج (بقیہ نمبر 6)

سید طاہر رضا ہمدانی پنجاب فلم سنسر بورڈ کے چیئرمین مقرر

تقرر ناصر کو چیئرمین کے عہدے سے ہٹا دیا گیا، واسع چودری وائس چیئرمین ہو گئے

لاہور (ثمائندہ عوامی للکار) پنجاب فلم سنسر بورڈ میں اہم تبدیلی کرتے ہوئے معروف اداکار تقرر ناصر کو چیئرمین کے عہدے سے ہٹا دیا گیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق اب اس عہدے کی ذمہ داریاں سکیرٹری اطلاعات و ثقافت سید طاہر رضا ہمدانی سنبھالیں گے، جو بورڈ کے نئے چیئرمین مقرر کیے گئے ہیں۔ اداکار، مصنف اور میزبان واسع چودری کو بورڈ (بقیہ نمبر 28)

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال پاکپتن کا دورہ کر رہی ہیں۔

وزیر خزانہ کی سیمیول کانفرنس کے موقع پر اعلیٰ سطحی ملاقاتیں

اسٹریٹجک ٹرانزیکشنز کو فروغ دینے پر زور

وزیر خزانہ نے مصر کے وفد کے مرکزی اجلاس بلکہ مختلف نجی نشستوں، پالیسی مکالموں اور شراکتی گول میز مباحثوں میں بھی پاکستان کی نمائندگی کر رہے ہیں

وزیر خزانہ نے پاکستان میں آئی ایف اے ڈی کے تعاون سے جاری 6 منصوبوں کا بھی ذکر کیا اور ان کی خدمات کو سراہا

اسلام آباد (ثمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے ایتھن کے شہر سیمیول میں جاری چینی بین الاقوامی کانفرنس برائے فنانسگ فار ڈیولپمنٹ (ایف ڈی فور) کے موقع پر مختلف ممالک اور عالمی اداروں کے ساتھ اعلیٰ سطحی دوطرفہ ملاقاتیں کیں۔ ان ملاقاتوں کا مقصد تر قیاتی مالیات، تجارت، ماحولیاتی استحکام اور ادارہ جاتی اصلاحات جیسے شعبوں میں پاکستان کی شراکت داریوں کو مزید مضبوط بنانا تھا۔ وزیر خزانہ نے سرف کانفرنس کے مرکزی اجلاس بلکہ مختلف نجی نشستوں، پالیسی مکالموں اور شراکتی گول میز مباحثوں میں بھی پاکستان کی نمائندگی کر رہے (بقیہ نمبر 2)

وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب ایتھن کے شہر سیمیول میں جاری چینی بین الاقوامی میں شریک ہیں

سید طاہر رضا ہمدانی پنجاب فلم سنسر بورڈ کے چیئرمین مقرر

تقرر ناصر کو چیئرمین کے عہدے سے ہٹا دیا گیا، واسع چودری وائس چیئرمین ہو گئے

لاہور (ثمائندہ عوامی للکار) پنجاب فلم سنسر بورڈ میں اہم تبدیلی کرتے ہوئے معروف اداکار تقرر ناصر کو چیئرمین کے عہدے سے ہٹا دیا گیا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق اب اس عہدے کی ذمہ داریاں سکیرٹری اطلاعات و ثقافت سید طاہر رضا ہمدانی سنبھالیں گے، جو بورڈ کے نئے چیئرمین مقرر کیے گئے ہیں۔ اداکار، مصنف اور میزبان واسع چودری کو بورڈ (بقیہ نمبر 28)

بارون اختر خان کی زیر صدارت صنعتی پالیسی کمیٹیوں کا اعلیٰ سطحی اجلاس

معاون خصوصی کی ہفتے کے اندر نتائج پیش کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کی ہدایت پر بارون اختر خان کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی صنعتی پالیسی کمیٹیوں کا ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کمیٹی کے اراکین نے آٹھ ذیلی کمیٹیوں کی سفارشات (بقیہ نمبر 8)

6 لاکھ روپے ڈکیتی کا ڈراپ سین، قبرستان میں چھپائی گئی رقم بھی برآمد

15 برس کال کرنے والا ہی واردات کا ماسٹر مائنڈ نکلا، ملزم کو گرفتار کر لیا گیا

لاہور (این این آئی) تھانہ مغلپورہ کی حدود میں گزشتہ روز کوثر پلازہ پر 6 لاکھ روپے ڈکیتی کا ڈراپ سین ہو گیا، 15 برس کال کرنے والا ہی واردات کا ماسٹر مائنڈ نکلا، جس پر ملزم کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے 6 لاکھ روپے رقم خرید برکرنے کے (بقیہ نمبر 9)

فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کا انجام عبرتناک موت ہے

قوم کو سکیورٹی فورسز پر فخر ہے، فتنہ الہندوستان کے عزائم ناکام بنانے پر صدر، وزیر اعظم اور وزیر داخلہ کا خراج تحسین

پاکستان کی بہادر افواج جیسے بیلی ہوئی دیوار کی طرح کھڑی ہیں، وزیر اعظم..... بھیا لہندوستان کے دہشتگردوں کا انجام موت ہے، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت، وزیر اعظم اور وفاقی وزیر داخلہ نے فتنہ الہندوستان کے ناپاک اور دہشت گردانہ عزائم ناکام بنانے پر صدر مملکت آصف علی زرداری نے شمالی وزیرستان کے علاقے حسین ٹیل میں بھارتی کٹھ پتلی پاکستان کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فوج کی کارروائیوں پر فخر ہے۔ جاری بیان میں کہا گیا کہ اپنی سکیورٹی فورسز پر فخر ہے۔ جاری بیان میں کہا گیا کہ اپنی سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے دشمن کبھی بھی داخل نہ ہو سکیں گے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے شمالی وزیرستان کے علاقے پنجاب میں 30 خوارج جہنم واصل کر دیے (بقیہ نمبر 2)

ایران و عراق جانیوالے زائرین کیلئے پروازوں میں اضافے کا فیصلہ

یکم جنوری 2026 سے زائرین صرف گروپ آرگنائزرز سسٹم کے تحت زیارات کیلئے جا سکیں گے

اور اس کے ساتھ ہی سالار سسٹم کو مکمل طور پر ختم کر دیا جائے گا، وزیر داخلہ کی زیر صدارت اجلاس میں فیصلے

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں چینی مزید 2 روپے 32 پیسے فی کلو مہنگی ہوگئی، جس کے بعد ملک میں چینی کی زیادہ سے زیادہ فی کلو قیمت 196 روپے تک پہنچ گئی ہے۔ وفاقی وزارت داخلہ کے مطابق ایران و عراق جانے والے زائرین کے سسٹم کو ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ وزیر اعظم کی ہدایت پر اجلاس ہوا، جس کی صدارت وفاقی وزیر داخلہ اور ایران و عراق جانے والے زائرین کے سسٹم کے حل کیلئے قائم خصوصی ٹاسک فورس کا ٹاسک فورس کے چیئرمین حسن نقوی نے کی۔ اجلاس میں (بقیہ نمبر 8)

محض تقریر میں ظلم ڈالنے پر نااہلی کا مطالبہ قابل قبول نہیں، رضا ربانی

اسپیکر پنجاب اسمبلی کا 26 اپوزیشن ارکان کی نااہلی کیلئے ریفرنس بھیجنا افسوسناک ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے سینئر رہنما اور سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی نے کہا ہے کہ محض تقریر میں ظلم ڈالنے پر 26 اپوزیشن ارکان کی نااہلی کیلئے ریفرنس بھیجنا افسوسناک ہے اور یہ مطالبہ قابل قبول نہیں۔ رضا ربانی نے کہا کہ اسپیکر پنجاب اسمبلی کا 26 اپوزیشن ارکان کی نااہلی کیلئے ریفرنس بھیجنا افسوسناک ہے۔ ساتھ ایوان میں احتجاج (بقیہ نمبر 1)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوامی طاقت کی ترجمان، مظلوم کی آواز

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

پنجاب: 50 ہزار سے زائد مکانوں کی تعمیر

پنجاب حکومت کی طرف سے دعویٰ کیا گیا ہے کہ وزیراعلیٰ مریم نواز کے اعلان کے مطابق 'اپنی چھت، اپنا گھر' پراجیکٹ کے تحت جون میں 50 ہزار سے زائد مکانوں کا ٹارگٹ پورا کیا گیا۔ پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ چند ماہ میں 50 ہزار سے زائد مکانوں کی تعمیر کا قومی ریکارڈ قائم ہوا ہے۔ جون 2025ء تک 'اپنی چھت، اپنا گھر' پراجیکٹ کے تحت مکان بنانے کے لیے 51911 سے زائد قرضے جاری کیے جا چکے ہیں۔ 'اپنی چھت، اپنا گھر' پراجیکٹ کے تحت مختصر مدت میں 57 ارب 90 کروڑ روپے کے آسان قرضے دیے جا چکے ہیں۔ 'اپنی چھت، اپنا گھر' پراجیکٹ کے تحت 5293 مکانوں کی تعمیر مکمل ہو چکی اور اب یہ گھر مکینوں سے آباد ہیں جبکہ 41324 گھروں کی تعمیر کا عمل تیزی سے جاری ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کا کہنا ہے کہ کسی بھی سفارش کے بغیر گھر بنانے کے لیے قرضوں کا اجراء پنجاب بلکہ پاکستان کی تاریخ میں قابل تقلید مثال ہے۔ 'اپنی چھت، اپنا گھر' پراجیکٹ کا مقصد عوام کے لیے آسانی اور سہولت پیدا کرنا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ 'اپنی چھت، اپنا گھر' پراجیکٹ کے تحت اپلائی کرنے والے ہر فرد کو سیاسی وابستگی سے بالاتر قرضے مل رہے ہیں۔ پنجاب حکومت کی طرف سے پچاس ہزار سے زائد مکانوں کی تعمیر کا دعویٰ واقعی سچ ہے یا نہیں، اس کا اندازہ یہی ہوگا جب حقیقی اعداد و شمار سامنے آئیں گے۔ ماضی میں ایک لاکھ گھر بنانے کے دعوے کیے جاتے رہے جو حضِ کاغذی کارروائی ثابت ہوئے۔ 70 سال سے روٹی، کپڑا اور مکان کا نعرہ لگایا جا رہا ہے لیکن حقیقی صورتحال یہ ہے کہ ملک کی نصف آبادی خطِ غربت سے نیچے زندگی گزار رہی ہے۔ اس سب کے باوجود کسی کی نیت پر شک نہیں کیا جا سکتا ہے اور اگر پنجاب حکومت عوام کو سستے اور معیاری گھر فراہم کرنے کا منصوبہ جاری رکھتی ہے تو حکومت کا اپنا گھر اپنی چھت والا عزم جلد پورا ہو سکتا ہے۔

سٹیز کیپٹن شاہین خالد بٹ
مینجنگ ڈائریکٹر پاکستان بیت المال
md@pbm.gov.pk

قوت گویائی۔۔۔ ہر بچے کا حق

ہمارے گھروں کی رونق ہوتے ہیں، اپنی شرارت بھری حرکتوں اور معصومانہ گفتگو سے پورے خاندان کی توجہ کا محور بنے رہتے ہیں۔ چھوٹی چھوٹی مٹھیوں کے خواب سجائے یہ بچے اگر زندگی کی آوازیں سن پائیں تو ایسے پھولوں کا آہستہ آہستہ مرجھا جانا ایک قدرتی عمل ہے۔ قوتِ سماعت سے محروم یہ بچے کچھ بول بھی نہیں پاتے جس سے نہ صرف اُن کی چہرے اور آنکھوں کی چمک ماند پڑ جاتی ہے بلکہ ہر گزرتا لمحہ پورے گھرانے کی اضطراری اور بے چارگی کی تصویر کشی کرتا ہے۔ زندگی کی آوازوں سے نا آشنا، احساس محرومی اور بے یقینی کی کیفیت میں مبتلا کوئی بچہ بھلا کیسے زندگی کی دوڑ میں آگے بڑھ پائے گا۔ ایسے بچے کے لیے کامیاب و کامران زندگی کی آرزو کا چراغ لیے والدین کا اس بوجھل سے آنکھوں میں اداسی کو پڑھ کر پریشان ہو جانا ایک قدرتی امر ہے، اور پھر بچے کے علاج کے لیے مالی وسائل کی رکاوٹ خاندان کی بے بسی اور مجبوری کا منہ چڑھاتی نظر آتی ہے۔ پیدائشی طور پر سننے کی صلاحیت سے محروم ان بچوں اور ان کے خاندان کی خوشیاں واپس لوٹانے کے لیے پاکستان اپنا ایمانداری آمیز کردار ادا کر رہا ہے، جس کا حصول پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک میں ہر خاندان کے بس کی بات نہیں۔ پیدائشی طور پر سننے سے محروم بچوں کو پانچ سال کی عمر تک پہنچنے سے پہلے ایک چھوٹی سی سرجری سے کاکلیئر امپلانٹ کی فراہمی سے انہیں زندگی بھر معذوری اور معاشی بدحالی سے بچایا جا سکتا ہے۔ بلاشبہ کاکلیئر امپلانٹ ایک جادوئی علاج ہے مگر مہنگا ہونے کے باعث ایک غریب خاندان کی دسترس سے باہر ہے۔ آئندہ نسلوں کو ملک کی ترقی اور خوشحالی میں ممکنہ کردار کا قابل بنانے کی عظیم ذمہ داری کو نبھاتے ہوئے پاکستان بیت المال ملک کے غریب اور مستحق خاندانوں کے بچوں تک اس مہنگے آلہ کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے کوشاں ہے۔ بچوں کی زندگی بدل دینے والے اس آلے کی قیمت 21 لاکھ کے قریب ہے اور اب تک 1944 بچوں کی کاکلیئر امپلانٹ سرجری کو ممکن بناتے ہوئے اُنہیں کامیاب زندگی کے سفر پر رواں دواں کر دیا گیا ہے۔ بطور مینجنگ ڈائریکٹر پاکستان بیت المال اپنی ذمہ داریاں سنبھالنے کے بعد مستحق افراد کے علاج معالجہ، تعلیم، خواتین کی معاشی خود انحصاری اور یتیم اور غریب بچوں کی دیکھ بھال اور تعلیم و تربیت کے اقدامات میری اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ علاج معالجہ، تعلیم اور معاشی حوالے سے ایسی تمام درخواستوں کو ترجیحی بنیادوں پر پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے جو میرے آنے سے پہلے کئی کئی عرصے سے زیر التوا تھیں۔ اپنے بچوں کے روشن مستقبل کے لیے زیادہ سے زیادہ پُرخلوص کوششیں کرنا بھی ہر انسان کا فرض منصبی سمجھتا ہوں، کیونکہ میرا یقین کامل ہے کہ اگر آج ہم نے اپنی آنکھ کلیوں کو بیماری، معاشی و سماجی احتصال اور غربت سے مشکل دور سے زیادہ بڑے پیمانے پر کنارہی میں ہوا تو مستقبل میں ہمیں معاف نہیں کرے گی۔

سماجی تحفظ کے میدان میں پاکستان بیت المال کے شراکت دار تمام ادارے اور خیر خصوصاً خراج تحسین کے مستحق ہیں۔ میں ان تمام قابل فخر شخصیات کا بھی شکرگزار رہوں جو ذاتی کی معذوری اور معاشی بدحالی سے بچایا جا سکتا ہے



صدائے نور
فرحانہ سہیل ادریسی
md@pbm.gov.pk

حسینی کردار اور امت کا نوجوان

محرم کا مہینہ کوئی عام مہینہ نہیں یہ قربانی وفا سچائی غیرت شعور اور بیداری کا استعارہ ہے یہ وہ مہینہ ہے جو ہمیں صدیوں پرانا نہیں بلکہ ہمیشہ نیا سبق دیتا ہے یہ ہر سال ہمیں جھنجھوڑتا ہے ہمیں آئینہ دکھاتا ہے اور ہمیں دعوت دیتا ہے کہ ہم صرف آنسو نہ بہائیں بلکہ سوال کریں یہ مہینہ خاص طور پر نوجوانوں کو آواز دیتا ہے کہتا ہے کہ اے نوجوان تو امت کا سرمایہ ہو تو امت کی امید ہو تو وہ ہو جن کے کاندھوں پر کل کا سلام ہے تو پھر بتاؤ تم کہاں ہو تم کس طرف ہو تم کس کی فکر کے وارث ہو حسین کے یا یزید کے۔ امام حسین نے کوئی تاج و تخت کے لیے سر نہیں کیا وہ تو کہہ گئے کہ کوفی کی طرف اس لیے روانہ ہوئے تھے کہ وہ ظلم کے خلاف اپنی خاموشی کو گناہ سمجھتے تھے وہ جانتے تھے کہ وقت آیا کہ جب خاموشی جرم بن جاتی ہے جب حاکم ظالم ہو قوم خاموش ہو اور سچ بولنے والا اکیلا ہو تب حسین جیسا کردار ہی تاریخ کو بچا سکتا ہے وہ جانتے تھے کہ ان کی قربانی ایک دن آئے گی اور ظالموں کو یہ سکھائے گی کہ باطل کے سامنے جھکنا حرام ہے چاہے تیغت کتنی ہی بڑی کیوں نہ ہو۔ آج کا نوجوان وہ دانش کو تیغ کرتے ہیں نظریات میں گمراہ کرتے ہیں میڈیا کے ذریعے باطل کو خوبصورت بنا کر پیش کرتے ہیں وہ الحاد کو ترقی کا نام دیتے ہیں بے حیائی کو آزادی کہتے ہیں اور دین کو قدامت اس حملے سے صرف وہی نوجوان بچ سکتا ہے جو حسینی کردار کو اپنی روح میں بسا لے جو صرف تقریریں نہ سنے بلکہ کردار میں اتارے۔ ایک نوجوان کی بیداری ایک انقلاب کی شروعات ہو سکتی ہے امام حسین کی فوج میں ہتھیار افراد تھے لیکن وہ وقت کے فرعون کے سامنے ڈٹ گئے آج ہمارے پاس تعداد ہے تعلیم ہے وسائل ہیں مگر ہم بکھرے ہوئے ہیں کیوں کہ ہمیں نہ تو اپنے رہبر پہچانتے ہیں نہ ہی قربان کر دیے اور ہم موبائل سے عشق موٹر بائیں چھوڑ سکتے ہم جھوٹ بولنا نہیں چھوڑ سکتے ہم اپنی محفلوں سے غیبت نہیں نکال سکتے تو پھر ہم کس منہ سے کہتے ہیں کہ ہم حسینی ہیں۔ امام حسین کا پیغام وقت سے بالاتر ہے ان کا کربلا ایک لمحے کا واقعہ نہیں یہ ایک مسلسل دعوت ہے ایک آواز ہے جو ہر صدی ہر قوم ہر فرد کو بلاتی ہے کہ اگر تم زندہ ہو تو جاگو اور جو جاگتا نہیں وہ مردہ ہے چاہے سانس چل رہی ہو۔ آج کے یزید کو اوروں کے ساتھ نہیں آتے



صدائے نور
فرحانہ سہیل ادریسی
md@pbm.gov.pk

حسینی کردار اور امت کا نوجوان

محرم کا مہینہ کوئی عام مہینہ نہیں یہ قربانی وفا سچائی غیرت شعور اور بیداری کا استعارہ ہے یہ وہ مہینہ ہے جو ہمیں صدیوں پرانا نہیں بلکہ ہمیشہ نیا سبق دیتا ہے یہ ہر سال ہمیں جھنجھوڑتا ہے ہمیں آئینہ دکھاتا ہے اور ہمیں دعوت دیتا ہے کہ ہم صرف آنسو نہ بہائیں بلکہ سوال کریں یہ مہینہ خاص طور پر نوجوانوں کو آواز دیتا ہے کہتا ہے کہ اے نوجوان تو امت کا سرمایہ ہو تو امت کی امید ہو تو وہ ہو جن کے کاندھوں پر کل کا سلام ہے تو پھر بتاؤ تم کہاں ہو تم کس طرف ہو تم کس کی فکر کے وارث ہو حسین کے یا یزید کے۔ امام حسین نے کوئی تاج و تخت کے لیے سر نہیں کیا وہ تو کہہ گئے کہ کوفی کی طرف اس لیے روانہ ہوئے تھے کہ وہ ظلم کے خلاف اپنی خاموشی کو گناہ سمجھتے تھے وہ جانتے تھے کہ وقت آیا کہ جب خاموشی جرم بن جاتی ہے جب حاکم ظالم ہو قوم خاموش ہو اور سچ بولنے والا اکیلا ہو تب حسین جیسا کردار ہی تاریخ کو بچا سکتا ہے وہ جانتے تھے کہ ان کی قربانی ایک دن آئے گی اور ظالموں کو یہ سکھائے گی کہ باطل کے سامنے جھکنا حرام ہے چاہے تیغت کتنی ہی بڑی کیوں نہ ہو۔ آج کا نوجوان وہ دانش کو تیغ کرتے ہیں نظریات میں گمراہ کرتے ہیں میڈیا کے ذریعے باطل کو خوبصورت بنا کر پیش کرتے ہیں وہ الحاد کو ترقی کا نام دیتے ہیں بے حیائی کو آزادی کہتے ہیں اور دین کو قدامت اس حملے سے صرف وہی نوجوان بچ سکتا ہے جو حسینی کردار کو اپنی روح میں بسا لے جو صرف تقریریں نہ سنے بلکہ کردار میں اتارے۔ ایک نوجوان کی بیداری ایک انقلاب کی شروعات ہو سکتی ہے امام حسین کی فوج میں ہتھیار افراد تھے لیکن وہ وقت کے فرعون کے سامنے ڈٹ گئے آج ہمارے پاس تعداد ہے تعلیم ہے وسائل ہیں مگر ہم بکھرے ہوئے ہیں کیوں کہ ہمیں نہ تو اپنے رہبر پہچانتے ہیں نہ ہی قربان کر دیے اور ہم موبائل سے عشق موٹر بائیں چھوڑ سکتے ہم جھوٹ بولنا نہیں چھوڑ سکتے ہم اپنی محفلوں سے غیبت نہیں نکال سکتے تو پھر ہم کس منہ سے کہتے ہیں کہ ہم حسینی ہیں۔ امام حسین کا پیغام وقت سے بالاتر ہے ان کا کربلا ایک لمحے کا واقعہ نہیں یہ ایک مسلسل دعوت ہے ایک آواز ہے جو ہر صدی ہر قوم ہر فرد کو بلاتی ہے کہ اگر تم زندہ ہو تو جاگو اور جو جاگتا نہیں وہ مردہ ہے چاہے سانس چل رہی ہو۔

SHOWBIZ شوبز

اعلیزے شاہ ایک بار پھر سوشل میڈیا پر چہ میگوئیوں کا مرکز بن گئی

سوشل میڈیا صارفین نے ان ویڈیوز کو دیکھتے ہی مختلف قیاس آرائیاں شروع کر دیں

لاہور (این این آئی) پاکستانی اداکارہ علیزے شاہ ایک بار پھر سوشل میڈیا پر چہ میگوئیوں کا مرکز بن گئی ہیں، انہیں اس بار ان کے بولڈ انداز کے بجائے ان کی ذاتی زندگی کے ایک نئے پہلو نے سب کی توجہ اپنی طرف مبذول کروائی ہے۔ حال ہی میں انسٹاگرام پر شیئر کی گئی اسٹوریز میں علیزے کو ایک نامعلوم شخص کے ساتھ وقت گزارتے دیکھا گیا، جس نے غیر محرم کے درمیان تحسس کی دیوار کھڑی کر دی۔ ایک اسٹوری میں علیزے کو اپنے اس سفری ساتھی کے قدم پر ہاتھ رکھے دکھایا گیا، جس کے ساتھ انہوں نے وہ لمحہ دل کے اسپوٹ جیسی شامل کیے تھے۔

اللہ سے میرا رشتہ ہمیشہ مضبوط رہا ہے، اداکارہ مہوش حیات

شوبز کی چکا چوند اور دنیاوی شہرت کے باوجود میرا روحانی رشتہ کبھی کمزور نہیں ہوا

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی نامور اداکارہ مہوش حیات نے کہا ہے کہ اللہ سے میرا رشتہ ہمیشہ مضبوط رہا ہے۔ اداکارہ نے حال ہی میں ایک انٹرویو میں اپنے روحانی سفر سے متعلق کھل کر بات کی۔ مہوش حیات جن کے کریڈٹ پر دل کی، من کی، میرے قاتل میرے دلدار جیسے ڈرامے اور بجرنی بھرپور کی، جاپ نہیں جاں کی اور لندن نہیں جاں گا جیسی بلاک بسٹر فلمیں شامل ہیں، وہ اب 5 سال بعد جیو ٹی وی کے ڈرامہ ڈائن کے ذریعے ٹی وی اسکرین پر واپس آئی ہیں۔ انٹرویو کے دوران جب ان سے پوچھا گیا کہ وہ اپنے اللہ سے رشتے کو کیسے برقرار رکھتی ہیں، تو مہوش حیات نے کہا کہ یقین سے متعلق کھل کر بات کی۔ مہوش حیات جن کے میرا اللہ ہے ایک گہرا تعلق ہے اور یہی وہ رشتہ ہے جس نے مجھے ہمیشہ سنبھالا ہے، میں خاموشی میں، شہرت کے درمیان میں یا کسی مشکل وقت میں ہمیشہ اللہ سے بات کرتی ہوں اور شکر ہے، اللہ ہی ہے جو میری اصل حقیقت سے جانتا ہے۔



عامر خان کی اداکاری میں بہتری نظر آئی، گوری سپرٹ

گوری نے میری زیادہ تر فلمیں نہیں دیکھی ہیں، یہ میری فلمیں بہت کم دیکھتی ہیں، عامر خان



سمتی (این این آئی) بھارتی باکس آفس اسٹار عامر خان کی گرل فرینڈ گوری سپرٹ نے کہا ہے کہ میں نے عامر خان کی بہت سی فلمیں نہیں دیکھی ہیں لیکن میں محسوس کرتی ہوں کہ ان کی اداکاری میں بہتری کی گنجائش موجود ہے۔ بھارتی میڈیا کی جانب سے عامر خان سے انٹرویو کے دوران گوری سپرٹ پر پروگرام کے ایک سکھمت میں شامل ہوئیں جس میں حاضرین کی جانب سے سوالات کیے گئے۔ اس موقع پر گوری سے پوچھا گیا کہ ان کی عامر خان کی فلموں کے بارے میں کیا رائے ہے تو انہوں نے کہا کہ میں سمتی ہوں کہ ان کی اداکاری میں مزید نکھار کی گنجائش موجود ہے۔

سردار جی 3 کا پاکستان میں پہلے دن 4.5 کروڑ کا ریکارڈ بزنس

اس فلم کی غیر متوقع کامیابی نے فلم سازوں کو بھی حیرت میں ڈال دیا

لاہور (این این آئی) بھارتی پنجابی سنیما کی تازہ ترین بلاکبسٹر سردار جی 3 نے پاکستان سینما گھروں میں دھماکا خیز آغاز کرتے ہوئے ریلیز کے پہلے ہی دن 4.5 کروڑ روپے کا تاریخی بزنس کر ڈالا۔ بھارت میں متنازع قرار دیے جانے والے دلجیت دوسانجھ اور پاکستانی اداکارہ ہانیہ عامر پر مشتمل اس فلم نے نہ صرف بھارتی بلکہ مقامی پنجابی فلموں کے تمام ریکارڈ توڑ دیے، یہ دلجیت امر سنگھ کے پہلے ہی ٹریلر نے ریلیز سے کیے تھے، جہاں پاکستان میں فلم کو زبردست پذیرائی مل رہی ہے، وہیں بھارت میں یہ کاسٹ کے حوالے سے تنازعات کا شکار ہے۔ 27 جون کو ریلیز ہونے والی اس فلم کی غیر متوقع کامیابی نے فلم سازوں کو بھی حیرت میں ڈال دیا ہے۔

برطانوی یوٹیوبر ایزے پوڈز کی تلاش میں پاکستان پہنچ گیا



لاہور (این این آئی) برطانوی یوٹیوبر ایزے پوڈز کی تلاش میں پاکستان پہنچ گیا۔ میرے ایزے پوڈز ایک سال قبل فلم کے لیے جواب پاکستان میں ہیں، جگہ جگہ فیک موشل میڈیا پر ایک چیز کا غلطہ زوروں پر قرار دیا ہے تھا کہ برطانوی یوٹیوبر ایزے پوڈز کا پاکستان پہنچنا ایک نئے کیلئے انہوں نے یہاں آنے کا بھی اعلان کر دیا تھا۔ ایزے پوڈز نے بتایا کہ وہ پوسٹ میں لکھا تھا کہ یہ ایپل

بقیہ 1

بارے میں بلاوجہ بے بنیاد کہنا ہے جو کہ بے بنیاد ہے ک

راولپنڈی، کریم آباد کی گلی نمبر 12 میں نالیوں کی صفائی کا کام شروع

یہ علاقہ گلی نالی سے صفائی کی ابتر صورتحال کا شکار تھا، نمازیوں، خواتین، بچوں اور بزرگوں کو گزرنے میں مشکلات پیش آ رہی تھیں

میڈیا پرآواز اٹھنے اور سوشل میڈیا پر عوامی ردعمل کے بعد RWMC نے صفائی کا کام شروع کر دیا، علاقہ مکینوں کا اظہار اطمینان

راولپنڈی (احمد حمیر سے) راولپنڈی کے علاقے شکرال، کریم آباد کی گلی نمبر 12 (ایمن مسجد والی گلی) میں نالیوں کی مکمل بندش اور گندا پانی سڑک پر پھیلے کی شکایت پر بالآخر راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی (RWMC) نے فوری ایکشن لیتے ہوئے صفائی کا کام شروع کروا دیا ہے۔ یہ علاقہ گلی دنوں سے صفائی کی ابتر صورتحال کا شکار تھا، جس کی وجہ سے نمازیوں، خواتین، بچوں اور بزرگوں کو گزرنے میں شدید مشکلات پیش آ رہی تھیں۔ گندا پانی نالیوں سے باہر بہہ کر سڑک پر جمع ہو چکا تھا، جس سے تعفن، مچھروں کی افزائش اور بیماریوں (بقیہ نمبر 1)

لاہور: صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے ڈیزاسٹر مینجمنٹ خواجہ سلمان رفیق پی ڈی ایم اے ہیڈ آفس میں مون سون کے حوالے سے انتظامات بارے پریفنگ لے رہے ہیں

کیم جنوری سے زائرین گروپ آرگنائزرز کا نیا سسٹم لاگو کرنے کا فیصلہ

زائرین کو کسی بھی قسم کی پریشانی سے محفوظ رکھنا ترجیح ہے، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے ایران جانے والے زائرین کیلئے پروازوں میں اضافے، ٹیری سروس شروع کرنے، زائرین گروپ آرگنائزرز کا نیا سسٹم لاگو کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ جمعہ کو زائرین کی مشکلات کم کرنے کے لیے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی زیر صدارت ٹاسک فورس کا اجلاس ہوا جس میں سکیورٹی اور سفری انتظامات پر (بقیہ نمبر 2)

لاہور: صوبائی وزیر لیبر و افرادی قوت ملک فیصل ایوب کھوکھر مریم نواز رائس کارڈ کی تقسیم پر میڈیا کو بریفنگ دے رہے ہیں

گاڑی دریائے نیلم میں جا گری، 5 خواتین سمیت 6 افراد جاں بحق

دریا میں لاپتہ بچے کی تلاش کیلئے ریسکیو ٹیموں کا سرچ آپریشن جاری ہے

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر کے علاقے وادی نیلم میں چاہنہ کے مقام پر سیاحوں کی گاڑی خوفناک حادثے کا شکار ہو گئی۔ حادثے میں 6 افراد جاں بحق جبکہ ایک بچہ تاحال لاپتہ ہو گیا۔ حادثے کے مطابق واقعہ گاؤں ہاٹ میں پیش آیا، جاں بحق ہونے والی خواتین کی شناخت آٹھ سال کی آیت فاطمہ اور چار سال کی ہر عارفہ کے نام سے ہوئی ہے جبکہ ماں اور دو (بقیہ نمبر 5)

زہریلا کھانا کھانے سے 2 بچیاں جان کی بازی ہار گئیں

ماں اور 2 بیٹوں کی حالت تشویشناک، ہسپتال میں زیر علاج

راولپنڈی (این این آئی) ڈسکہ میں مبینہ طور پر زہریلا کھانا کھانے سے دو بچیاں جاں بحق ہو گئیں جبکہ ماں اور دو بچے ہسپتال میں زندگی و موت کی کشمکش میں مبتلا ہیں۔ پولیس کے مطابق واقعہ گاؤں کوٹلہ کیھواں میں پیش آیا، جاں بحق ہونے والی بچیوں کی شناخت ایمن اور ہنزلہ کے نام سے ہوئی ہے جبکہ ماں اور دو (بقیہ نمبر 6)

کراچی: لیاری کے علاقے بغدادی میں گرنے والی 6 منزلہ عمارت کے ملبے میں لاشیں دبی ہوئی ہیں

ضیاء مسجد پنڈوریاں اور اقبال ٹاؤن اسلام آباد کے مکینوں کیلئے بڑی خوشخبری

بند روس روڈ کی بحالی کا آغاز، عوامی مطالبہ پورا

عوامی سہولت کے اس اہم منصوبے کا کریڈٹ علاقے کی ممتاز سماجی شخصیت محترم ملک رشید اعوان اور محترم ارشد عطاری کو جاتا ہے

یہ سروس روڈ جو PSO پٹرول پمپ کے باعث بند تھا، دونوں علاقوں کے درمیان آمدورفت میں شدید رکاوٹ بنا ہوا تھا

ایسے نیک کام معاشرے میں حقیقی تبدیلی لاتے ہیں اور یہ اقدام علاقائی ترقی کی جانب ایک عملی قدم ہے، شہریوں کا خراج تحسین

اسلام آباد (احمد حمیر سے) اسلام آباد کے معروف علاقوں ضیاء مسجد پنڈوریاں اور اقبال ٹاؤن کے درمیان گزشتہ سالوں سے بند سروس روڈ کو بالآخر عمل کرنے کا کام شروع کر دیا گیا ہے۔ عوامی سہولت کے اس اہم منصوبے کا کریڈٹ علاقے کی ممتاز سماجی شخصیت محترم ملک رشید اعوان اور محترم ارشد عطاری صاحب کو جاتا ہے، جنہوں نے اس دیرینہ مسئلے کے حل کے لیے (بقیہ نمبر 7) اقبال

3 کارساروں کی کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ ٹیم پر فائرنگ، کار لفٹر ہلاک

دو ملزمان تھانہ آرائے بازار کے علاقہ سے چوری شدہ کار اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ مورگاہ کے علاقہ میں رات گئے 3 کارساروں نے کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ ٹیم پر فائرنگ کر دی، فائرنگ کے دوران کار لفٹر ہلاک، دو فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے، دو ملزمان تھانہ آرائے بازار کے علاقہ سے چوری شدہ کار اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ مورگاہ کے علاقے میں رات گئے 3 کار ساروں کی کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ ٹیم پر فائرنگ، فائرنگ کے دوران کار لفٹر ہلاک (بقیہ نمبر 8)

محرم الحرام، ڈویژنل پولیس کے فلیگ مارچ

شہریوں کی دادرسی کیلئے پولیس افسران کی مساجد میں کھلی کچہریاں

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی آپریشنز کیپٹل کامران کے احکامات کی روشنی میں محرم الحرام میں امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لیے شہر بھر میں فلیگ مارچ کئے گئے۔ ایس پی صدر ڈاکٹر نبیر احمد خان کی قیادت میں فلیگ مارچ گرین ٹاؤن سے شروع ہو کر بائیزیں سے ہوتے ہوئے ایف ٹین تک پہنچا۔ شرکاء میں ایس ایچ او تھانہ شالامار، ایس ایچ او تھانہ نشتر کالونی، ایس ایچ او تھانہ گرین ٹاؤن، ایس ایچ او تھانہ ریحان گارڈن، ایس ایچ او تھانہ سمن آباد، ایس ایچ او تھانہ ریس کورس، ایس ایچ او تھانہ ٹاؤن شپ، ایس ایچ او تھانہ سبزہ زار، ایس ایچ او تھانہ ہربنس پورہ، ایس ایچ او تھانہ گلبرگ، ایس ایچ او تھانہ ماڈل ٹاؤن، ایس ایچ او تھانہ فیروز والا، ایس ایچ او تھانہ شاہدرہ، ایس ایچ او تھانہ سرفراز شاہ، ایس ایچ او تھانہ مغلپورہ، ایس ایچ او تھانہ ساندہ، ایس ایچ او تھانہ شادمان، ایس ایچ او تھانہ مناواں، ایس ایچ او تھانہ شفیق آباد، ایس ایچ او تھانہ فیکٹری ایریا، ایس ایچ او تھانہ ہنجر، ایس ایچ او تھانہ ٹبی سیداں، ایس ایچ او تھانہ شاہ جمال، ایس ایچ او تھانہ گنج بخش، ایس ایچ او تھانہ ریس کورس